# مفہوم نماز

## نماز میں اللہ کی جانب توجہ کے لئے پہلا قدم

ترتیب و پیشکش

حجۃ الاسلام مولانا سید محمد ذکی باقری صاحب

شائع کردہ: مجلس ارشاد اسلامی ٹورنٹو، کینیڈا

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَلَّذِیۡنَ ءَ امَنُوۡ وَ تَطمَئِنُّ قُلُوۡبُھُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰہِ.
اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ (الرعد ۲۸)

”وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں اور ان کے دلوں کو اللہ کی یاد سے سکون حاصل ہوتا ہے اور آگاہ ہو جاؤ کہ سکون اللہ ہی کی یاد سے حاصل ہے۔“
(الرعد: ۲۸)

## نماز میں کس طرح سے اپنی توجہ کو بڑھایا جا سکتا ہے۔

ہمارے سامنے ہمیشہ ایک سوال نمازیوں کی جانب سے بار بار آیا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ حالت نماز میں طرح طرح کے خیالات آتے ہیں اور اپنے معبود کی جانب توجہ نہیں رہتی؟ یقیناً مومن نماز اللہ ہی کی محبت میں ادا کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی نماز میں بہترین کیفیت پیدا ہوتی جائے اسی

بات کو ذہن میں رکھ کر یہ کتابچہ ترتیب دیا گیا ہے میرے خیال میں اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں ان میں سب سے پہلی وجہ ہمارا عربی زبان سے الگ ہوکر دور ہوجانا ہے۔ (یا یوں کہا جائے کہ ہمیں جان بوجھ کر الگ کردیا گیا ہے جس کے نتائج انتہائی بھیانک ہیں جن کا تذکرہ اس کتابچہ کا مقصد نہیں ہے۔)

نماز میں توجہ کی جانب پہلا قدم یہ ہے ہم نماز کی سورتوں اور اذکار کے معنوں سے واقف ہوجائیں جو کہ کوئی مشکل کام نہیں ہے اس لئے کہ اگر ذرا غور کریں تو پوری چار رکعتی نماز میں صرف (135) ایک سو پینتیس الفاظ ہیں جن کا یاد کرنا کوئی مشکل مرحلہ نہیں ہے اور اردو داں حضرات کیلئے کچھ اور آسانی اس طرح ہے کہ بعض عربی الفاظ روزمرہ کی زبان میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اس کتابچے میں نماز میں پڑھی جانے والی سورتوں اور اذکار کو الگ الگ جملے کے ترجمے اور مفہوم کے ساتھ لکھنے کے علاوہ الفاظ کو کسی حد تک الگ کرکے اس کا مفہوم اس کے سامنے لکھا گیا ہے تاکہ ان کلمات کے تلفظ کے ساتھ ہی اس کا مفہوم ذہن میں نمودار ہوجائے۔ ظاہر ہے یہ الفاظ کا مفہوم ہے کوئی باقاعدہ ہر لفظ کا سو فیصد ترجمہ نہیں۔ چنانچہ بعض حروف کو الگ کرکے اس کا قریبی مفہوم لکھا گیا ہے۔ حالانکہ حرف کا اپنے مستقل معنیٰ نہی ہوتے بلکہ وہ دوسرے الفاظ سے مل کر ہی معنیٰ دیتے ہیں لیکن تقرب ذہن کے لئے الفاظ کے مجموعہ یا لفظ کا مفہوم تحریر کیا گیا ہے۔ بہت سے الفاظ نماز میں تکراری ہیں مثلاً اللہ اکبر دو رکعتی نماز میں 15 مرتبہ تکرار ہوا ہے اور چار رکعتی نماز میں 25 مرتبہ جس کا مقصد انسان کو اس دنیا سے ہٹا کر اپنے خالق کی جانب متوجہ کرنا ہے جو کہ انسان کی خلقت کا مقصد ہے اگر انسان کو اپنا خالق یاد نہ رہے تو وہ اپنے آپ کو

بھی بھلادے گا جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوا۔

> وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (الحشر ۱۹)

اور خبردار ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے خود ان کے نفسوں کو بھی بھلا دیا اور وہ سب واقعی فاسق اور بدکار ہیں (الحشر:۱۹)

بیشتر افراد ایسے ہیں جنہوں نے اللہ کو بھلا کر اپنے آپ کو بھی بھلا دیا ہے مسلمان وہ ہے جو اپنے نفس کو مسلسل اللہ کی یاد سے تنبیہ کراتا ہے اور اللہ سے بھیک مانگتا ہے کہ اسے انسانیت کی خدمت کی توفیق دے۔ اس کے علم کے ذریعہ، اس کے مال کے ذریعہ، اس کو اللہ کی جانب سے عطا کی ہوئی استعداد سے اللہ کے بندوں کی خدمت کرے تاکہ اسے اللہ کی قربت حاصل ہو سکے۔

نماز صرف اللہ کی یاد ہی نہیں بلکہ اپنے ضمیر کو بیدار کرنے کا وسیلہ ہے نماز کی وجہ سے عابد دوسروں کی ضرورتوں کا احساس کرتا ہے۔ یقیناً نماز میں پورے یقین کے ساتھ کہتا ہے **مالک یوم الدین**۔ خدا روز قیامت کا مالک ہے تو یقیناً اس کے وجود میں ایک ہلچل سی مچ جاتی ہے اور وہ اپنے اعمال کا خود نگراں ہوتا ہے۔ اگر نماز اس منزل احساس ذمہ داری تک نہ پہنچائے تو پھر نماز نہیں ہے۔ اگر ہم نماز میں اپنی توجہ کو بڑھانے اور نماز سے لطف اندوز ہونے کا شوق پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں پہلے اللہ سے دعا کرنی چاہئے کہ (اے پروردگار ہمیں اپنی عبادتوں کا مزہ چکھا)

**آمین یارب العالمین بحق محمد والہ الطاہرین۔**

ذیل میں آنے والے امور پر توجہ دیں تو انشااللہ آپ نہ صرف نماز میں اپنی توجہ کو بڑھا سکیں گے بلکہ آپ اپنی عبادات کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے قربت میں روز بہ روز اضافہ کر سکیں گے۔

۱۔ پہلے مرحلہ میں ہمیں معلوم ہونا چاہئے کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں اس کے لئے نماز میں استعمال ہونے والے الفاظ اور اذکار کے معنوں سے واقف ہونا ضروری ہے۔

۲۔ نماز سے پہلے یہ جاننے کی کوشش کریں کہ مقدمات اور شرائط نماز کیا ہیں۔

۳۔ نماز سے پہلے کچھ غور و فکر کریں: میں کیوں نماز پڑھ رہا ہوں اس نماز کا مقصد کیا ہے؟ کس کے سامنے جا رہا ہوں ؟ اگر کسی دنیوی صاحب اقتدار سے ملنے جاتا ہوں تو کس طرح تیار ہوتا ہوں؟ تو پھر جب میں اپنے رب اور ولی نعمت سے ملنے جا رہا ہوں تو میری حالت، کیفیت اور انداز گفتگو کس طرح کا ہونا چاہئے؟

۴۔ جیسے ہی نماز شروع ہو الفاظ و اذکار کے معنوں کی جانب توجہ رکھیں۔

۵۔ اس پہلے قدم کے بعد اور کئی مراحل ہیں جس کے ذریعہ سالک راہ خدا راہ قربت کو طے کرنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔ اب اگر کوئی اس مرحلے سے چند قدم اور آگے بڑھنا چاہتا ہے تو اس کو چاہئے کہ نماز کی افادیت سے متعلق جو کتابیں ہیں انہیں پڑھے۔

(اس سلسلے میں حقیر کی آنے والی کتاب کے لئے دعا کریں کہ مکمل ہو جائے)

(سید محمد زکی باقری)

## 1

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

A'UZU BILLAHI MINSH SHAITAN NIR RAJEEM

پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | اعوذ | A'UZU | میں پناہ مانگتا ہوں |
| 2 | بالله | BILLAHI | اللہ کی |
| 3 | من | MIN | سے |
| 4 | الشيطان | SHAITAN | شیطان |
| 5 | الرجيم | AL-RAJEEM | مردود |

## 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMILLAH HIR RAHMAN NIRRAHIM

ابتداء اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | ب | BAA | ابتداء |
| 7 | اسم | ISM | نام |
| 8 | الرحمن | AL-RAHMAN | مہربان |
| 9 | الرحيم | AL-RAHEEM | رحم کرنے والا |
| 10 | اذان | ADHAN | اعلان |

## 3

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

INNALLAHA WA MALAAIKATAHU YUSALLUNA ALAN NABI YA AYUHAL LADHINA AAMANU SALLU ALYHI WA SALLIMU TASLIMA

یقیناً اللہ اور اس کے ملائکہ صلوات بھیجتے ہیں رسول پر تو اے صاحبان ایمان تم بھی ان پر صلوات بھیجتے رہو۔ اور سلام کرتے رہو

| | | | |
|---|---|---|---|
| 11 | إِنَّ | INNA | (یقیناً بیشک) |
| 12 | و | WA | (اور) |
| 13 | ملائکته | MALAAIKATAHU | اس کے ملائکہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 14 | يصلون | YUSALLUNA | صلوات بھیجتے ہیں |
| 15 | علیٰ | ALLA | (پر) |
| 16 | النبی | AL-NABI | رسول نبی |
| 17 | یا | YAA | (اے) |
| 18 | ایھا | AYYUHA | |
| 19 | الذین | ALLADHINA | جو کہ |
| 20 | آمنوا | AAMANU | ایمان لائے |
| 21 | صلوا | SALLAU | صلوات بھیجتے رہو |
| 22 | علیه | ALAYHI | ان پر |
| 23 | سلموا | SALLIMU | سلام کرو |
| 24 | تسلیما | TASLEEMAA | سلام کا سلیقہ |
| | | | تسلیم (جو سلام کرنے کا حق ہے) |

## 4

### اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ALLAHUMMA SALLAY 'ALAA MUHAMMADIN AALI MUHAMMAD

اے اللہ درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 25 | اللهم | ALLAHUMMA | اے اللہ |
| 26 | صل | SALLAY | درود صلوات بھیج |
| 27 | علی | ALAA | (پر) |
| 28 | محمد | MUHAMMAD | محمدؐ |
| 29 | آل | AALEY | آل۔اولاد |

## 5

### اَللّٰہُ اَکْبَرُ

ALLAHU AKBAR

اللہ سب سے بڑا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 30 | اکبر | AKBAR | سب سے بڑا ہے |

## 6

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ

ASH HADU AN LA ILAHA ALLAH

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31 | اشهد | **ASH-HAUDU** | میں گواہی دیتا ہوں |
| 32 | ان | **ANN** | کہ |
| 33 | لا | **LAA** | نہیں |
| 34 | اله | **ILAAHA** | معبود |
| 35 | الا | **ILLA** | مگر |

## 7

اَشْهَدُاَنَّ مُحَمَّدًارَّسُوْلُ اللّٰهِ

ASH-HADU ANNA MUHAMMADAR RASOOLULLHA

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 36 | محمد | **MOHAMMAD(S)** | محمدؐ (صاحب حمد ثنا) |
| 37 | الرسول | **AL-RASOOL** | رسول |

## 8

اَشْهَدُ اَنَّ علیاً وَّلِیُّ اللّٰهِ

ASH-HADU ANNA ALIYAN WALIYULLAH

میں گواہی دیتا ہوں علی اللہ کے ولی ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 38 | علی | **ALIYUN** | علی (بلند) |
| 39 | ولی | **WALIUY** | ولی۔سرپرست |

## 9

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ

HAYYA ALAS SALAT

نماز کیلئے جلدی کرو

| | | | |
|---|---|---|---|
| 40 | حی | **HAYY** | جلدی کرو |
| 41 | الصلاة | **ASSALAT** | نماز |

## 10

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

HAYYA ALAL FALAAH

فلاح وکامیابی کیلئے جلدی کرو

| | | | |
|---|---|---|---|
| 42 | الفلاح | **ALFALAAH** | فلاح وکامیابی |

## 11

**حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ**

HAYYA ALA KHIRIL AMAL

بہترین عمل کے لئے جلدی کرو

| | | | |
|---|---|---|---|
| 43 | خیر | **KHAYR** | بہترین |
| 44 | العمل | **AL'AMAL** | عمل |

## 12

**قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ**

QAD QAAMAMATIS SALAT

بیشک نماز قائم ہوگئی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 45 | اقامة | **IQAMAH** | قیام کا اعلان |
| 46 | قد | **QAD** | بے شک |
| 47 | قامت | **QAAMAT** | قائم ہوگئی |

## سورة الفاتحه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. اَلرَّحْمٰنِ. الرَّحِيْمِ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ. اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

## 13

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

BISMILLAH HIR RAHMA NIRRAHIM

ابتداء اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

## 14

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ**

AL-HAMDU LILLAHI RABBIL
'AALAMEEN

تمام تعریف اللہ کے لئے جو عالمین کا پالنے والا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 48 | الحمد | ALHAMDU | تمام تعریف |
| 49 | رب | RABB | پالنے والا |
| 50 | العالمین | AL ALAMEEN | عالمین |

**15**

## اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

AL-RAHMA NIRRAHIM

بڑا مہربان رحم والا

**16**

## مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ

MAALIKE YUMID DEEN

روز قیامت کا مالک ومختار ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 51 | مالك | MAALIKE | مالک ومختار |
| 52 | یوم | YAUM | روز |

**17**

## اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

IYYAKA NA'BUDU WA IYYAKA NASTA'EEN

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 53 | ایاك | IYYAKA | تیری ہی |
| 54 | نعبد | NA'BUDU | ہم عبادت کرتے ہیں |
| 55 | نستعین | NASTAEEN | تجھی سے مدد چاہتے ہیں |

**18**

## اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ

IHDINA SIRATAL MUSTAQEEM

خدایا ہمیں سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 56 | اھدنا | IHDINA | ہماری ہدایت کر |
| 57 | الصراط | AL-SSIRAT | راستہ |
| 58 | المستقیم | AL-MUSTAQEEM | سیدھا |

## 19

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

SIRATAL LADHINA AN'AMTA ALAYHIM GHARIL MAGHDUBI 'ALAIHIM WALAD DAALLEEN

ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے رحمتیں نازل کی ہیں ان کا راستہ نہیں جن پر تیرا غضب نازل ہوا ہے یا جو بھٹکے ہوئے ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 59 | انعمت | AN'AMTA | تو نے رحمتیں نازل کی ہیں |
| 60 | علیهم | 'ALAHIM | جن پر |
| 61 | غیر | GHAIR | غیر (نہ ان کا) |
| 62 | المغضوب | AL-MAGHDUBI | جن پر غضب نازل ہوا |
| 63 | الضالین | AL-DAALEEN | جو گمراہ ہوئے ہیں |

## 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMILLAH HIR RAHMA NIRRAHIM

ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

## 21

وَالْعَصْرِ. اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ

WALASRI ANNAL INSAANA LAFI KHUSR

عصر کی قسم۔ بیشک انسان خسارہ میں ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 64 | والعصر | WAL ASR | عصر کی قسم |
| 65 | الانسان | AL-INSAAN | انسان |
| 66 | لفی | LAFI | بیشک۔ میں |
| 67 | خسر | KHUSR | خسارہ۔ گھاٹا |

## 22

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

ILLAL LADHINA AAMANU WA AMELUS SAALIHATI WA TAWASAU BIL HAQQI WA TAWASAU BIS SABR

علاوہ ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال انجام دیئے اور ایک دوسرے کو حق اور صبر کی نصیحت کی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 68 | عملوا | AMELU | اعمال انجام دیے |
| 69 | الصالحات | AS-SALI HAATI | نیکیاں |
| 70 | تواصوا | TABASAU | نصیحت کی |
| 71 | بالحق | BIL-HAQQI | حق کے ساتھ |
| 72 | بالصبر | BIS-SABRI | صبر کے ساتھ |

## 23

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMILLAH HIR RAHMA NIRRAHIM

ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

## 24

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

INNAA ANZALNAAHU FI LAILATIL QADR

بے شک ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 73 | انا | INNA | بے شک ہم نے |
| 74 | انزلناه | ANZALNAHU | ہم نے اس کو نازل کیا ہے |
| 75 | فی | FI | (میں) |
| 76 | لیلة | LAILATIL | شب۔رات |
| 77 | قدر | QADR | مقدار۔گراں بہا |

25 وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ

WA MAA ADRAAKA MA LAILATUL QADR

اور تم کو کیا معلوم شب قدر کیا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 78 | ما | MAA | کیا |
| 79 | ادراك | ADRAAKA | آپ کیا جانیں |

26 لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ

LAILATUL QADRI KHAIRUM MIN ALFI SHAHR

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 80 | الف | ALFI | ہزار |
| 81 | شهر | SHAHR | مہینہ |

27 تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ مِّنۡ كُلِّ اَمۡرٍ

TANAZZALUL MALAAIKATU WAR ROOH FIHA BI IDHNI RABBIHIM MIN KULLI AMRIN

اس میں ملائکہ اور روح القدس اللہ کی اجازت سے تمام امور لے کر نازل ہوتے ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 82 | تنزل | TANAZZAL | نازل ہوتے ہیں |
| 83 | روح | RUHU | روح |
| 84 | فيها | FEEHA | اس میں |
| 85 | باذن | BI-IDHNI | اجازت سے |
| 86 | ربهم | RABBIHIM | اپنے پروردگار |
| 87 | كل | KULLI | تمام |
| 88 | امر | AMR | امر۔حکم |

28 سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ

SALAAMUN HIYA HATTA MATLA'IL FAJR

یہ رات طلوع فجر تک سلامتی ہی سلامتی ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 89 | سلام | SALAAMUN | سلامتی |
| 90 | هی | HIYA | یہ (رات) |
| 91 | حتی | HATTA | یہاں تک کہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 92 | مطلع | MATL'A | طلوع |
| 93 | الفجر | AL-FAJR | فجر |

29

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

BISMILLAH HIR RAHMA NIRRAHIM

ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

30

قُلۡ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ

QUL HUWALLAHU AHAD ALLAHUS SAMAD

اے رسول کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 94 | قل | QUL | کہہ دیجئے |
| 95 | هو | HUWA | وہ |
| 96 | احد | AHAD | ایک۔یکتا |
| 97 | الصمد | AS-SAMAD | بے نیاز |

31

لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ

LAM YALID WA LAM YULAD

اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

| | | | |
|---|---|---|---|
| 98 | لم یلد | LAM YALID | اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور |
| 99 | ولم یولد | WA LAM YULAD | نہ وہ کسی سے پیدا ہوا |

32

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

WA LAM YAKUN LAHU KAFUAN AHAD

اور نہ اس کا کوئی کفو اور ہمسر ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 100 | لم یکن | LAM YAKUN | کوئی نہیں (اسکا) |
| 101 | له | LAHU | اس کے لئے |
| 102 | کفوا | KAFUAN | کفو اور ہمسر |
| 103 | احد | AHAD | کوئی |

## 33

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ وَ بِحَمۡدِہٖ

SUBHANA RABBIYAL A'DHEEM WA BIHAMDIHI

پاک و بے نیاز میرا پروردگار عظیم ۔ بزرگ اسی کی حمد ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 104 | سبحان | SUBHANA | پاک و بے نیاز |
| 105 | ربی | RABBI | میرا پروردگار |
| 106 | العظیم | ADHEEMI | عظیم ۔ بزرگ |
| 107 | بحمدہ | WA BIHAMDIHI | اسی کی حمد ہے |

## 34

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ

SAM'I ALLAHU LIMAN HAMIDAHU

جس نے اللہ کی حمد کی اور اللہ نے اس کی سن لی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 108 | سمع | SAMI'A | سن لیا |
| 109 | لمن | LIMAN | اس کے لئے |
| 110 | حمدہ | HAMIDAHU | اس کی حمد |

## 35

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی وَ بِحَمۡدِہٖ

SUBHANA RABBIYAL A LLA WA BIHAMDIHI

پاک و بے نیاز ہے میرا بلند پروردگار اور اس کی حمد ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 111 | اعلی | ALAA | بلند و برتر |

## 36

اَسۡتَغۡفِرُاللّٰہَ رَبِّیۡ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ

ASTAGHFIRULLAHA RABBI WA ATUBU ILAYHI

میں اپنے پالنے والے اللہ سے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں

اور توبہ کرتا ہوں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 112 | استغفر | ASTAGHFIRU | میں مغفرت کا طالب ہوں |
| 113 | اتوب | ATUBU | توبہ کرتا ہوں |
| 114 | الیه | ILAYHI | اس کی جانب |

بِحَوْلِ اللهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ

BIHAWLILLAH WA QUWATEHI AQUM WA AQ'UD

میں اللہ کی قوت اور طاقت سے اٹھتا اور بیٹھتا ہوں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 115 | بحول | BIHAWLI | اس کی طاقت سے |
| 116 | قوته | QUWWATEYHI | اس کی قوت سے |
| 117 | اقوم | AQOMU | میں اٹھتا ہوں |
| 118 | اقعد | AQ'UD | میں بیٹھتا ہوں |



رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابِ
رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا

RABBANAGHFIRL LANA WALI WALIDAYYA WA LIL MO'MINEENA YAUMA YAQOMAL HISAAB RABBIRHAMHUMA KAMA RABBAYANI SGHIRA

اے ہمارے پالنے والے اللہ مجھے اور میرے والدین کو اور تمام مومنین کو اس دن بخش دینا جس دن حساب قائم ہوگا ہمارے پروردگار

| | | | |
|---|---|---|---|
| 119 | ربنا | RABBANA | ہمارے پروردگار |
| 120 | اعفرلی | IGHFIRLI | مجھے بخش دے |
| 121 | لوالدی | WALAYDAIYA | میرے والدین کو |
| 122 | للمومنین | LIL MOMEN-EENA | اور تمام مومنین کو |
| 123 | یوم | YAUMA | اس دن |
| 124 | یقوم | YAQUMU | قائم ہوگا |
| 125 | الحساب | AL-HISAAB | اعمال کا حساب |

## 39

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ASH-HAHADU AN LA ILAHA ILLALLAHA
WAHDAHU LA SHARIKA LAHU WA
ASH-HADU ANNA MOHAMMADAN
ABDUHU WA RASULOHU ALLAHUMMA
SALLAY 'ALA MOHAMMADIN
WA AALI MOHAMMAD

میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے وہ ایک ہے اس کا کوئی
شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔
اے اللہ درود بھیج محمدؐ اور ان کی آل پر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 126 | وحده | **WAHDAHU** | وہ ایک۔یکتا |
| 127 | شريك | **SHAREEKA** | شریک۔ساتھی |
| 128 | عبده | **'ABDUHU** | اس کا بندہ |
| 129 | رسوله | **RASOOLUHU** | اس کے رسول |

## 40

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

ASSALAMU ALAIKA AYUHANNABIYU
WA RAHMATULLAHI WA BARAKATUHU

سلام ہو ہمارا اے اللہ کے نبیؐ آپ پر اور اس کی برکتیں ہوں آپ پر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 130 | السلام | **AL-SALAAMU** | سلام ہو ہمارا |
| 131 | عليك | **'ALAIKA** | آپ پر |
| 132 | بركاته | **BARAKATUHU** | اس کی برکتیں |

## 41

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

ASSALAMU 'ALAINA WA ALA
'ABADILLAHIS SALEYHEEN

سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 133 | علينا | **'ALAINA** | ہم پر |

134 عباد 'IBADI بندے

135 الصالحين AL-SAALIHEEN نیک

42

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ.

ASSALAMU 'ALAIKUM WA RAHMATULLAHI WA BARARKATUH

سلام ہو ہمارا آپ تمام پر اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں